© rasailojaraid.com

الشیخ علی کاشف الغطاء

ایک باکمال شخصیت

حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے ممالک اپنے مادی وجود، اپنی صنعتی و صناعتی عظمت اور اپنے طبیعی حسن و جمال پر ہی فخر نہیں کرتے بلکہ ان کے علاوہ بھی اگر وہ نازاں ہیں تو اپنی اس دولت پر جسے رفعتِ فکر، عظمتِ ادب اور کمالِ علم و فن سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ علم و فضل کا وہ چشمہ جس سے دنیا میں یمن و سعادت کے سوتے پھوٹ نکلتے ہیں اور گلستانِ ادب کا وہ پھول جو تعمیر و ترقی کی ہوا کے جھونکوں سے کھلتا اور جس کی مہک لہک سے انسانی معاشرہ کی روح اہتزاز کرتی ہے، گھنے باغوں، زمین پر نور بھیرتے ہوئے سبزہ زاروں، دبے ہوئے خزانوں اور بیش قیمت وسائلِ حیات سے بھرپور زمین کے خطوں سے کہیں بہتر ہیں ـــــــ وہ ممالک قابلِ قدر ہیں جو ایسے ممتاز افراد پر ناز کرتے ہیں جن کے بل بوتے پر انہیں عروج و کمال کی سعادتیں نصیب ہوتی ہیں نہ صرف یہ بلکہ صفحۂ تاریخ پر ان کے خلود و دوام کی مُہر ثبت ہو جاتی ہے۔ اتنی بے پناہ دولت و ثروت ان ممالک کے حصہ میں آتی ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آتی۔ قدرت انہیں سلطنت کا تحفظ اور ہمیشگی کا تمغہ عطا کرتی ہے جن ممالک میں چیدہ و برگزیدہ ہستیاں رونق افروز ہوتی ہیں، تعمیر و ترقی کی راہیں ان کے لیے کھُل جاتی ہیں۔

اس نوع کی ایک اعلیٰ مثال خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کی شخصیت ہے جس کے وجود سے حیات اور توانائی کے شعلے بھڑکتے تھے۔ اسے ادب و کمال کے ایک مثالی پیکر سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ شخصیت ایک ایسا روشن صفحہ تھی جس کی حکمت کے نور سے زندگی کی راہیں چمک اُٹھتی تھیں۔ اس نے کردار، گفتار اور قلم کی طاقت سے جہالت کا سختی سے مقابلہ کیا اور باطل کو اپنے دبدبہ و جلال سے اس نے مرعوب کر دیا تھا۔ قدرت نے مجھے اور مرحوم کو اس دینی جہاد میں یک جا کر دیا تھا جو موتمر اسلامی دمشق میں پیش آیا تھا یہ ایک عظیم ترین دینی موتمر تھی۔ میں نے اپنی زندگی میں پہلی بار مرحوم سے ملاقات کی۔ میں نے مرحوم کو مکارم و فضائل کا مجموعہ اور اعلیٰ ترین عادات و اطوار کی ایک دنیا پایا۔ موصوف کی شخصیت گویا تنویرِ علم اور کمالِ منطق یا بالفاظ دیگر علم و منطق کا ایک حسین امتزاج تھی۔ میں نے موصوف کی تالیفات و تصنیفات میں عمقِ فکر، کمالِ علم اور بلاغتِ تحریر کی نمایاں خصوصیات دیکھی ہیں۔ مرحوم کی بقا کے لیے آثارِ علم اور صالح اعمال کا ترکہ کافی ہے۔ اگر آج ہم مرحوم کی رحلت پر اظہارِ تاسف کرتے ہیں تو صرف

© rasailojaraid.com